# اودھ نامہ

## سنیل کمار رام کے پیچھے کون

ہندوستان سے الگ ہو کر جب پاکستان نامی ملک وجود میں آیا، اسی دن سے دونوں ہی ملک ایک دوسرے کو پھوٹی آنکھ نہیں بھاتے۔ آپس میں تین لڑائیاں بھی لڑ چکے ہیں اور نتیجہ کچھ نہیں نکلا سوائے ان جوانوں کی موت کے جو دونوں ممالک کی طرف سے اپنے اپنے ملک کی حفاظت کے سر دھڑ کی بازی لگانے کو ہمہ تیار رہتے ہیں اور جب وقت آن پڑتا ہے تو اپنے اپنے ملک کے لئے شہید بھی ہو جاتے ہیں، لیکن کرسی پر بیٹھے ہوئے لیڈران تمام جنگیں اپنے اپنے بیانات کے سہارے لڑتے ہیں۔ جب جب دونوں ملکوں میں الیکشن ہوتا ہے تب تب سرحدوں پر تناؤ اور کشیدگی بڑھ جاتی ہے اور ایسا ماحول تیار ہو جاتا ہے کہ اب جنگ چھڑی تب جنگ چھڑی۔ مرحوم راحت اندوری نے کہا تھا:

سرحدوں پر بہت تناؤ ہے کیا
کچھ پتہ تو کرو چناؤ ہے کیا

رحت اندوری جیسے شاعر فرقہ پرستوں اور نام نہاد دیش بھکتوں کو کبھی پھوٹی آنکھ نہیں بھائے لیکن راحت کبھی ڈرے بھی نہیں، کئی مواقع پر ان کے بعض اشعار کی سخت تنقید بھی کی گئی اور وہ اغیار کے ساتھ ساتھ اپنوں کے نشانے پر بھی آئے لیکن راحت نے کبھی اپنے مزاج سے سمجھوتہ نہیں کیا اور وہ اپنے اشعار میں حقیقت کے مناظر پیش کرتے رہے۔ راحت کا متذکرہ بالا شعر آج سے کئی برس پہلے کہا گیا تھا جس کی صداقت آج بھی مسلم ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کے انتخابات کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں تو پتہ چلے گا کہ جب جب الیکشن قریب آئے تب تب دونوں ملکوں میں مابین کسی نہ کسی بہانے کشیدگی پیدا کی گئی۔ اور پھر اس کا فائدہ دوسروں نے اٹھایا۔

آج کا منظر نامہ دیکھیں تو ہندوستان میں مسلمانوں کو ایک مشکوک قوم بنا دینے کی کوششیں اپنی پوری طاقت کے ساتھ جاری ہیں۔ مسلمان سے کوئی جرم سرزد ہو جائے تو اس کا گھر سب سے پہلے کھود دیا جاتا ہے یہ سوچے اور سمجھے بغیر کہ جس گھر میں وہ رہتا ہے اس گھر میں اس کے کئی متعلقین رہتے ہیں جن کا اس جرم سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ پھر کسی جرم کی پاداش میں کسی کا گھر کھود ڈالنا کس قانون کے تحت آتا ہے اس پر بات کرنے کو بھی کوئی تیار نہیں ہے۔ جو شخص سوال کرے وہی غدار اور وطن فروش کہلائے۔ اب حال تو یہ ہے کہ مسلمانوں کا مقدمہ لڑنے کے کوئی ہندو وکیل جلدی تیار نہیں ہوتا خاص طور پر جب اس پر ملک سے غداری اور دہشت گردی کے الزامات لگے ہوں۔ کہیں فساد ہو جائے تو یکطرفہ طور گرفتاری مسلمانوں کی کی جاتی ہے، چاہے سنبھل ہو، مرادآباد ہو دہلی ہو یا ملک کا کوئی بھی حصہ ہو۔ ادھر کوئی جرم ہوا ادھر پوری تفصیل انتظامیہ کے پاس آ جاتی ہے۔ لیکنا افسوس یہ تفصیل اس کے پاس جرم واقع ہونے سے پہلے نہیں پہونچ پاتی۔ جرم کا ہو جانا خفیہ اداروں کی کھلی ناکامی ہے۔ اور اسی ناکامی کو چھپانے کے لئے آنا فاناً سارے پردے فاش کر دئے جاتے ہیں۔ پھر مقدمہ کی کاروائی شروع ہوتی ہے اور دس بیس برس کے بعد بہت سے لوگ بے قصور قرار دے کر عدالت سے چھوڑ دئے جاتے ہیں لیکن ان کی جیل میں گذری زندگی کا حساب لینے اور دینے والا کوئی نہیں ہوتا۔ تازہ خبروں کے مطابق ملک کی خفیہ ایجنسی نے پنجاب کے بھٹنڈا سے سنیل کمار رام نامی شخص کو حراست میں لیا ہے۔ اس پر پاکستان کے لیے جاسوسی کرنے کا الزام ہے۔ اس سے پوچھ تاچھ کی جا رہی ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ سنیل کا ایک پاکستانی لڑکی سے تعلق ہے وہ اس سے واٹس ایپ پر چیٹنگ کرتا تھا۔ سنیل کمار رام کا تعلق بہار کے سمستی پور سے ہے۔ خفیہ ایجنسی معاملے کی مختلف زاویے سے تحقیقات کر رہی ہیں۔ لیکن سوال یہ بھی ہے کہ ایک عام آدمی اپنے ملک کی ایسی کون سی جانکاری پاکستانی شہری کو فراہم کرا سکتا ہے جو واقعی نہایت خفیہ اور جس تک دوسرے ملک کی رسائی نہ ہو۔ پھر اتنے اہم رازوں اور معاملات تک ایک عام شہری کی رسائی کیسے ہو جاتی ہے۔ کبھی یہ نہیں معلوم ہوا کہ ایسے شخص نے کون کون سی جانکاریاں پاکستان کو بہم پہونچائیں جو واقعی خفیہ تھیں اور جن کا راز میں رکھا جانا ملک کی سالمیت سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر واقعی کوئی ایسی جانکاری پہونچائی گئی ہے تو پھر سوال یہ ہے کہ ایسی اہم جانکاریوں تک ایک عام آدمی کی رسائی کیونکر ممکن ہو سکی۔ کون لوگ اس کے ذمہ دار تھے۔

بتایا جاتا ہے کہ پاکستانی لڑکی سے تعلق اور ملک مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے شبہ میں سنیل کمار رام کئی دنوں سے خفیہ ایجنسی کے نشانے پر تھا، اسے بھٹنڈا کینٹ سے حراست میں لیا گیا ہے۔ اس کے موبائل سے کئی مشتبہ چیزیں ملی ہیں۔ (کیا ملا ہے پتہ نہیں) اس معاملے میں ایک کیس درج کر لیا گیا ہے اور پولیس نے تحقیقات شروع کر دی ہے۔ پولیس اور دیگر سیکورٹی ایجنسیاں ملزم سے پوچھ گچھ کر رہی ہیں، تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ وہ جاسوسی میں کس حد تک ملوث ہے اور اس کی ملک مخالف سرگرمیوں سے کتنا نقصان ہوا ہے۔ واضح رہے کہ سنیل کمار ایک موچی ہے یعنی چپل جوتے مرمت مرنے والا عام سا مزدور۔ اس کے پاس ملک کی خفیہ معلومات کہاں سے پہونچ رہی تھیں۔ کون پہونچا رہا تھا۔ ظاہر ہے کہ اسے کوئی استعمال کر رہا تھا۔ وہ کون ہے یہ کبھی نہیں کھلے گا اور سنیل سیاست کی بھینٹ چڑھ جائے گا۔ اور وہ کسی اور کو اپنا آلہ کار بنائے گا۔

## ہیں تلخ بہت بندۂ مزدور کے اوقات!

پروفیسر مشتاق احمد



یوم مئی مزدوروں کے معاشی، سماجی اور سیاسی حقوق کے جدوجہد کی تاریخ کا ایک ایسا روشن باب ہے کہ جس کو رہتی دنیا تک کسی بھی طور پر بھلایا نہیں جا سکتا۔ یا یوں کہیں کہ جب تک دنیا میں طبقاتی نظام قائم رہے گا اس وقت تک یوم مئی کی اہمیت و افادیت برقرار رہے گی۔ یوم مئی یعنی مزدوروں کا دن، جسے دنیا کے تمام مزدور تقریباً 135 سالوں سے مناتے آ رہے ہیں، یہ دن مزدوروں اور محنت کش طبقوں کے لئے ایک ایسا یادگار حادثہ ہے جو ان کو اپنے طبقاتی اتحاد کی دعوت دیتا ہے اور شکاگو کے ان مزدوروں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ جنہوں نے دنیا میں مزدوروں کی طاقت کا احساس کرایا اور بورژوا، سرمایہ داروں کو مجبور کر دیا کہ وہ ان کے معاشی، سیاسی اور سماجی حقوق کو تسلیم کریں۔

یوم مئی کا پس منظر یہ ہے کہ اس تاریخ سے تین یادگاریں وابستہ ہیں۔ پہلی یادگار ہے کہ جب 1886ء میں ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مزدور آٹھ گھنٹے کے کام کے اوقات کے لئے جدوجہد کر رہے تھے تو امریکہ کے شکاگو میں مزدوروں پر بڑی بے رحمی سے پولیس نے گولیوں کی بوچھار کر دی تھی جس میں سینکڑوں مزدور شدید طور پر زخمی ہوئے تھے اور درجنوں جاں بحق ہوئے تھے۔ یوم مئی منانے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ جب 1889ء میں سکنڈ انٹرنیشنل کانگریس کی میٹنگ میں یہ فیصلہ لیا گیا کہ ہر سال یکم مئی کو بین الاقوامی سطح پر مزدوروں کے اتحاد کے دن کے طور پر منایا جائے گا۔ یوم مئی منانے کی تیسری اہم وجہ یہ ہے کہ 1890ء میں ہی یکم مئی 1889ء کے فیصلے کے مطابق پہلی بار یوم مزدور منایا گیا۔ اس کے بعد سے ہی یوم مئی منانے کا سلسلہ شروع ہوا جو اب تک جاری ہے۔ اس دن سرکاری اور غیر سرکاری طور پر پوری دنیا کے مزدوروں کی زندگی اور ان کے مسائل پر غور و فکر کیا جاتا ہے اور ان کے حق میں بیشمار اعلانات بھی کئے جاتے ہیں لیکن سچائی یہ ہے کہ یوم مئی منانے کے پسِ پردہ جو تاریخی واقعات ہیں اور جس مقصد کے تحت اس تاریخ کو یادگار بنایا گیا وہ شاید اب تک پورا نہیں ہوا ہے۔ دنیا کے کروڑوں مزدور آج بھی اپنے حقوق کی لڑائی لڑ رہے ہیں، آج بھی سرمایہ داروں سے اپنا حق مانگ رہے ہیں اور وہ ان کے مطالبہ کو صدا بہ صحرا ثابت کر رہے ہیں۔

وہ حادثہ جس نے یوم مئی کو جنم دیا تھا اس طرح کا حادثہ آج بھی رونما ہو رہا ہے۔ عالمی سطح پر اگر دیکھا جائے تو صنعتی اعتبار سے ترقی یافتہ سرمایہ دار ممالک اور چھوٹے چھوٹے غیر ترقی یافتہ ممالک میں مزدوروں اور سرمایہ داروں کے درمیان حقوق کی جنگ جاری ہے۔ اس بات سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ آج سماجی اور سیاسی طاقتوں کا باہمی رشتہ مختلف ہے اور مختلف طریقوں سے طبقاتی جدوجہد جاری ہے۔ پھر بھی مزدوروں کے وہ خواب پورے نہیں ہوئے ہیں جو انہوں نے آج سے ایک صدی پہلے دیکھا تھا۔ جیسا کہ پہلے ذکر آ چکا ہے کہ یوم مئی کی تاریخی اہمیت ہے۔ یکم مئی 1886ء کو ریاستہائے متحدہ امریکہ کے سب سے بڑے صنعتی مرکز شکاگو میں مزدوروں کی ہڑتال شروع ہوئی تھی۔ مزدوروں نے کام کے اوقات میں تخفیف یعنی آٹھ گھنٹہ کام کرنے کا مطالبہ کیا تھا لیکن اس مطالبے کو سرمایہ داروں نے صدا بہ صحرا ثابت کر دیا اور حکام کا سہارا لے کر معصوم مزدوروں پر قہر برپا کیا گیا۔ 4 رمئی کو "ہے مارکٹ" اسکوائر کے مقام پر مزدور اپنا جلسہ کر رہے تھے وہاں ایک سازش کے تحت بم دھماکہ کیا گیا اور پھر پولیس نے گولیوں کی بارش شروع کر دی۔ نتیجتاً درجنوں مزدور اپنی زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے اور سینکڑوں شدید طور پر زخمی ہوئے۔ پھر اس کے بعد سرمایہ داروں نے مزدوروں پر فرضی مقدمات کئے، اخباروں میں محنت کش طبقوں کی تنظیموں کے خلاف غلط بیان دے کر افواہیں پھیلائی گئیں اور عوام کو گمراہ کیا گیا۔ آخر کار عدلیہ نے سات مزدوروں کی سزائے موت کا فیصلہ دیا۔ ان میں البرٹ پارسنز، اگست اسپائز، سمویل فلڈن، مائکل اسکواب، ایڈول فیشر، جارج اینجل اور لوئی میک کے نام شامل تھے۔ لیکن اس کے باوجود مزدوروں نے اپنا حوصلہ نہیں ہارا اور اپنی تحریک جاری رکھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ فلڈن اور اسکواب کی سزائے موت کو عمر قید میں تبدیل کر دی گئی جب کہ باقی لوگوں کو 11 رنومبر 1887ء میں پھانسی دے دی گئی۔ اس وقت کے ایک معروف صحافی و مصنف ولیم ڈین ہولیز نے نیویارک ہرالڈ ٹربیون میں ایک مضمون لکھا اور مزدوروں کو دی گئی سزائے پھانسی کی کھل کر مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ ان مزدوروں کے قتل سے قوم کے وقار کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔ لیکن ان مزدوروں کی شہادت نے پوری دنیا میں ایک طوفان برپا کر دیا اور 1889ء میں سیکنڈ انٹرنیشنل کی پہلی کانگریس میں مزدوروں کے کام کے وقت کو آٹھ گھنٹے تک محدود کرنے کا فیصلہ ہوا جس کو پیرس کی بین الاقوامی کانگریس میں منظوری دی گئی۔

غرض کہ شکاگو کے حادثات نے مزدوروں کی زندگی میں بہتری کے چراغ روشن کئے اور سرمایہ داروں کے خلاف دنیا کے مزدوروں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے کا موقع فراہم کیا۔ یہی تاریخی اسباب تھے جن کی بنا پر محنت کش طبقے کی طبقاتی استحکام کا عمل شروع ہوا۔ لیکن سچائی یہ ہے کہ مزدوروں کی ایک بڑی اکثریت کے حالات اب بھی بد سے بدتر ہیں اکثر مزدوروں کو دو وقت کی روٹی میسر نہیں ہے، ان کے سر پر چھت نہیں ہے، وہ کھلے آسمان کے نیچے فٹ پاتھ پر زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ دہلی، ممبئی اور کولکاتا جیسے بڑے شہروں میں لاکھوں کی تعداد میں جھونپڑیوں میں زندگی گزارنے والے مزدوروں کی معیار زندگی کا اندازہ صرف اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ حکومت مزدوروں کو پینے کا پانی تک مہیا نہیں کرا پاتی۔ آسمان چھوتی عمارتوں کی تعمیر کرنے والے مزدور تنگ اور تاریک گلیوں میں جانور جیسی زندگی جینے پر مجبور ہیں۔ ہمارا ملک ایک جمہوری ملک ہے اور یہاں بھی مزدوروں کی حالت کتنی بدتر ہے اس کا اندازہ اس بات سے ہی لگایا جا سکتا ہے کہ ایک پورا خاندان دن بھر جی توڑ محنت کرنے کے بعد بھر پیٹ کھانا حاصل نہیں کر پاتا۔ آج کے تکنیکی ترقی یافتہ دور میں بھی مزدوروں کی حالت میں بہتری لانے کے بجائے ان کے کام کو اور زیادہ دشوار بنا دیا گیا ہے۔ آج ایک مزدور کو دس سے پندرہ گھنٹے تک کام کرنا پڑتا ہے۔ غرض کہ آج سے 135 سال قبل مزدوروں نے اپنے کام کے اوقات کو کم کرنے اور اپنی زندگی میں بہتری لانے کا جو خواب دیکھا تھا اور جس کے لئے جدوجہد شروع کی تھی وہ لڑائی اب تک اپنی منزل تک نہیں پہنچی ہے۔ جہاں تک اپنے وطن عزیز ہندوستان کا سوال ہے تو یہاں حالیہ چند دہائیوں میں جارحانہ قوم پرستی اور ایک خاص نظریے کی شدت پسندیت نے سب سے زیادہ مزدور طبقے کی زندگی کو متاثر کیا ہے کہ کہیں فٹ پاتھ پہ مذہب کے نام پر مزدوروں سے روزی روٹی چھینی جا رہی ہے تو کسی شہر میں کشیدہ حالات کی وجہ سے مزدور طبقہ پریشان حال ہے۔ اب تو مذہب کے نام پر مزدور طبقے کا سب سے زیادہ استحصال ہونے لگا ہے۔ ایسے حالات کے تناظر میں ہی علامہ اقبالؔ نے ٹھیک ہی کہا تھا ؎

تو قادر و عادل ہے مگر تیرے جہاں میں
ہیں تلخ بہت بندۂ مزدور کے اوقات
کب ڈوبے گا سرمایہ پرستی کا سفینہ
دنیا ہے تری منتظرِ روزِ مکافات

پرنسپل، سی۔ ایم کالج، دربھنگہ (بہار)
موبائل: 9431414586
ای میل: rm.meezan@gmail.com

## ڈیجیٹل دور میں مزدوروں کے حقوق: چیلنجز اور مواقع

نازش احتشام اعظمی

ڈیجیٹل انقلاب نے انسانی تاریخ کے دھارے کو بدل دیا ہے، معیشتوں کو نئی شکل دی ہے، اور کام کے تصور کو از سر نو متعین کیا ہے۔ یہ ایک ایسی دنیا ہے جہاں کلاؤڈ ٹیکنالوجی، الگورتھم، اور مصنوعی ذہانت نے فاصلوں کو سمیٹ دیا، اور لچک و پیداواریت کے نئے افق وا کیے۔ لیکن اس چکاچوند ترقی کے سائے میں مزدوروں کے حقوق زخم کھا رہے ہیں۔ ملازمت کی سلامتی، منصفانہ معاوضہ، رازداری، اور مساوات کے بنیادی اصول خطرے میں ہیں۔ یہ مضمون ڈیجیٹل دور کے اس منافقانہ منظرنامے کی کھوج کرتا ہے، جہاں مواقع کی فراوانی اور چیلنجز کی گہرائی ایک ساتھ سانس لیتی ہیں۔ آٹومیشن، گیگ اکانومی، ریموٹ ورک، اور نگرانی کے اثرات کو کھولتے ہوئے، یہ تحریر ایک ایسی مزدوری پالیسی کی راہ تجویز کرتی ہے جو انصاف اور شمولیت کی روح سے ہم آہنگ ہو۔

ڈیجیٹل کام کی جگہ: لچک یا بوجھ؟

ڈیجیٹل ٹیکنالوجی نے کام کی جغرافیائی اور وقتی حدود کو توڑ دیا ہے۔ ویڈیو کانفرنسنگ، پراجیکٹ مینجمنٹ ٹولز، اور کلاؤڈ بیسڈ سسٹمز نے ریموٹ ورک کو نہ صرف ممکن، بلکہ ناگزیر بنا دیا۔ پیو ریسرچ سینٹر (2023) کے مطابق، امریکی افرادی قوت کا 35 فیصد اب مکمل طور پر گھر سے کام کرتا ہے، جو ایک دہائی قبل محض 7 فیصد تھا۔ یہ تبدیلی دیہی علاقوں کے باشندوں اور محدود وسائل والے طبقات کے لیے روزگار کے دروازے کھولتی ہے، جبکہ کام اور ذاتی زندگی کے توازن کا وعدہ بھی دیتی ہے۔ مگر یہ آزادی اپنی قیمت مانگتی ہے۔ ریموٹ ورکرز اکثر پیشہ ورانہ اور ذاتی زندگی کی سرحدوں کو دھندلا دیکھتے ہیں، جو ذہنی تھکن اور جلاوٹ کو جنم دیتی ہے۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (2024) کا ایک سروے بتاتا ہے کہ 41 فیصد ریموٹ ورکرز اپنے دفتری ہم منصبوں سے زیادہ گھنٹے کام کرتے ہیں، اکثر بغیر اضافی معاوضے کے۔ ڈیجیٹل تقسیم کا عفریت بھی سر اٹھاتا ہے، جہاں انٹرنیٹ اور ٹیکنالوجی تک غیر مساوی رسائی پسماندہ طبقات کو مزید پیچھے دھکیلتی ہے۔ "ڈس کنیکٹ کرنے کا حق" اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر تک عالمگیر رسائی جیسے اقدامات ہی اس خلیج کو پاٹ سکتے ہیں، ورنہ یہ تفاوت سماجی ناانصافی کا ایک نیا طوفان برپا کرے گی۔

گیگ اکانومی: خودمختاری یا استحصال؟

اوبیر (Uber)، DoorDash، اور Upwork جیسے پلیٹ فارمز نے گیگ اکانومی کو ڈیجیٹل دور کا ایک چمکتا ستارہ بنا دیا۔ امریکی بیورو آف لیبر سٹیٹسٹکس (2025) کے تخمینے کے مطابق، 36 فیصد امریکی افرادی قوت جلد ہی گیگ ورک سے وابستہ ہوگی۔ یہ انتظام ورکرز کو اپنی شرائط پر کام کرنے کی آزادی دیتا ہے، روایتی ملازمت کے جبر سے نجات دلاتا ہے۔ لیکن اس چمکتی سطح کے نیچے ایک تاریک حقیقت چھپی ہے۔ گیگ ورکرز کو آزاد ٹھیکیداروں کے طور پر درجہ بند کیا جاتا ہے، جو انہیں کم از کم اجرت، صحت کی سہولیات، اور اجتماعی سودے بازی جیسے بنیادی حقوق سے محروم کر دیتا ہے۔ اکنامک پالیسی انسٹی ٹیوٹ (2024) کے مطابق، گیگ ورکرز روایتی ملازمین سے 20 فیصد کم فی گھنٹہ کماتے ہیں، جبکہ گاڑی کی دیکھ بھال اور ٹیکسز جیسے اخراجات ان کے کندھوں پر ڈال دیے جاتے ہیں۔ الگورِدمک مینجمنٹ کا جال، جو AI کے ذریعے کام تفویض کرتا ہے اور کارکردگی کا جائزہ لیتا ہے، غیر شفاف اور بعض اوقات ظالمانہ ہے۔ ورکرز کو بغیر وضاحت کے معطل کیا جا سکتا ہے، جس سے ان کی معاشی بنیادیں لرزہ براندام ہو جاتی ہیں۔ امید کی کرن موجود ہے۔ یورپی یونین کا پلیٹ فارم ورک ڈائریکٹو (2023) الگوردمک شفافیت اور سماجی تحفظ کو فروغ دیتا ہے، جبکہ کیلیفورنیا کا اسمبلی بل 5 (AB5) گیگ ورکرز کو ملازمین کے حقوق دلانے کی کوشش کرتا ہے۔ یہ اقدامات ایک نئے سماجی معاہدے کی ضرورت کو عیاں کرتے ہیں، جو لچک اور تحفظ کے درمیان توازن قائم کرے۔

•آٹومیشن: ترقی یا تباہی؟•

مصنوعی ذہانت اور روبوٹکس نے آٹومیشن کو ڈیجیٹل دور کا ایک اہم ستون بنا دیا ہے۔ ورلڈ اکنامک فورم (2025) کی رپورٹ پیش گوئی کرتی ہے کہ 2030 تک 85 ملین ملازمتیں آٹومیشن کی نذر ہو جائیں گی، خاص طور پر کم ہنر والی صنعتوں میں۔ لیکن اسی رپورٹ کا ایک روشن پہلو یہ ہے کہ 97 ملین نئی ملازمتیں تکنیکی شعبوں میں جنم لیں گی۔ یہ تبدیلی ایک تیز دھار تلوار ہے۔ آٹومیشن سے متاثرہ ورکرز اکثر نئی ملازمتوں کے لیے مطلوبہ مہارتوں سے عاری ہوتے ہیں، جو ہنر کے خلا کو گہرا کرتا ہے۔ OECD (2024)) کے مطابق، کم آمدنی والے ممالک میں صرف 25 فیصد ورکرز کو تربیت ملتی ہے، جبکہ ترقی یافتہ ممالک میں یہ شرح 60 فیصد ہے۔ معمر اور پسماندہ طبقات اس طوفان کی زد میں سب سے زیادہ ہیں۔ اس چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے از سر نو مہارت سازی، زندگی بھر سیکھنے کے پروگرام، اور عالمی بنیادی آمدنی جیسے اقدامات ناگزیر ہیں۔ اگر دانشمندی سے انتظام کیا جائے تو آٹومیشن محض ملازمتوں کا خاتمہ نہیں، بلکہ ایک زیادہ تخلیقی اور باوقار مزدوری مارکیٹ کی بنیاد بن سکتا ہے۔

نگرانی: احتساب یا جبر؟

ڈیجیٹل کام کی جگہ نے نگرانی کا ایک نیا دور شروع کیا ہے۔ گارٹنر (2024) کی رپورٹ کے مطابق، 70 فیصد بڑی کمپنیاں ملازمین کی کارکردگی پر نظر رکھنے کے لیے سافٹ ویئر استعمال کرتی ہیں، جو ایک دہائی قبل صرف 30 فیصد تھیں۔ کی بورڈ اسٹروکس سے لے کر پیغامات کے تجزیے تک، یہ ٹولز ورکرز کی ہر حرکت کو ریکارڈ کرتے ہیں۔ حامی اسے پیداواریت اور احتساب کا ذریعہ قرار دیتے ہیں، مگر یہ رازداری کے بنیادی حق پر ضرب لگاتا ہے۔ 2023 میں ایک بڑے ٹیک ادارے کے خلاف مقدمے نے انکشاف کیا کہ نگرانی سے جمع ڈیٹا غلط استعمال ہوا، جس نے سخت قوانین کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ یورپی یونین کا GDPR ایک نمونہ ہے، لیکن عالمی سطح پر رازداری کے تحفظات اب بھی ناکافی ہیں۔ مزدوروں کے حقوق میں رازداری کا حق بنیادی ہونا چاہیے۔ آجروں کو نگرانی کے طریقوں میں شفافیت لانی چاہیے، ڈیٹا جمع کرنے کو کم سے کم رکھنا چاہیے، اور ورکرز کو اپنے ڈیٹا پر کنٹرول دینا چاہیے۔ بصورت دیگر، یہ نظام اعتماد کی بجائے خوف کی فضا پیدا کرتا ہے۔

مساوات کے مواقع: ایک روشن امکان

ڈیجیٹل دور کے چیلنجز کے باوجود، یہ مساوات اور شمولیت کے لیے بے پناہ مواقع بھی لے کر آیا ہے۔ آن لائن لرننگ پلیٹ فارمز جیسے Coursera اور edX نے مہارتوں تک رسائی کو جمہوری بنایا ہے۔ ریموٹ ورک نے معذور افراد، نگہداشت کرنے والوں، اور دور دراز علاقوں کے باشندوں کے لیے نئے دروازے کھولے ہیں۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز نے ورکرز کو منظم ہونے اور اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھانے کا ہتھیار دیا ہے۔ 2024 کی ایک سوشل میڈیا مہم نے ایک ای کامرس دیو کو پالیسیاں بہتر کرنے پر مجبور کیا، جو ڈیجیٹل سرگرمی کی قوت کو ظاہر کرتا ہے۔

مستقبل کی راہ

ڈیجیٹل دور میں مزدوروں کے حقوق کا تحفظ ایک ہمہ جہتی جدوجہد مانگتا ہے۔ پالیسی سازوں کو مزدور قوانین کو جدید بنانا ہوگا، آجروں کو شفاف اور شمولیتی ماحول بنانا ہوگا، اور ورکرز کو ڈیجیٹل ٹولز سے اپنی آواز بلند کرنی ہوگی۔ عالمی تعاون کے بغیر یہ خواب ادھورا رہے گا۔ انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کی گلوبل کمیشن آن دی فیوچر آف ورک جیسے اقدامات ایک انسان دوست مزدوری مارکیٹ کا خاکہ پیش کرتے ہیں۔ ڈیجیٹل دور ایک دو دھاری تلوار ہے، جو مواقع کی چمک اور چیلنجز کی گہرائی دونوں رکھتا ہے۔ گیگ اکانومی، آٹومیشن، ریموٹ ورک، اور نگرانی جیسے رجحانات مزدوروں کے حقوق پر گہرے اثرات چھوڑ رہے ہیں۔ اگر ہم ان چیلنجز کا مقابلہ دانشمندی سے کریں اور مواقع سے فائدہ اٹھائیں، تو ایک ایسی عالمی مزدوری مارکیٹ ممکن ہے جو منصفانہ، شمولیتی، اور بااختیار ہو۔ یہ سفر صبر و ہمت مانگتا ہے، مگر منزل ایک ایسی دنیا ہے جہاں کام محض روزگار نہیں، بلکہ عزت اور وقار کا ذریعہ ہے۔

☆☆☆

## مرکزی لسانی پالیسی پر ریاستوں کی رسہ کشی، مہاراشٹر کا یوٹرن، نئی بحث کا آغاز

**مہاراشٹر میں اسکولوں میں ہندی کو لازمی بنانے کا فیصلہ عوامی اور سیاسی دباؤ پر واپس لے لیا گیا۔ ماہرین نے تدریسی معیار کو بہتر بنانے پر زور دیا ہے، جبکہ مرکز پر وضاحت کی مانگ بڑھ رہی ہے**

نوین کمار

مرکزی حکومت کی نئی تعلیمی پالیسی 2020 کے تحت ریاستوں میں زبانوں کے انتخاب پر نئی بحث شروع ہو گئی ہے۔ مہاراشٹر حکومت نے 16 اپریل کو اعلان کیا تھا کہ پہلی جماعت سے آگے ہندی کو لازمی مضمون بنایا جائے گا، تاہم محض ایک ہفتے میں عوامی اور سیاسی دباؤ کے بعد یہ فیصلہ 22 اپریل کو واپس لے لیا گیا۔ وزیر اعلیٰ، وزیر تعلیم اور ریاستی تعلیمی تحقیقاتی ادارے نے اپنے اعلان کو سائنسی اور قومی تعلیمی پالیسی کے مطابق قرار دیا تھا، مگر لسانی مشاورتی کمیٹی کے سخت اعتراضات نے حکومت کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کر دیا۔ ریاستی حکومت کی لسانی مشاورتی کمیٹی نے حکومت سے اس نوٹیفائی شدہ پالیسی کو واپس لینے کا مطالبہ کر کے تنازع کو سلجھا لیا۔ سخت لہجے میں لکھے گئے خط میں کمیٹی نے بتایا کہ اسکولوں میں پڑھائی جانے والی دو لازمی زبانیں، مراٹھی اور انگریزی بھی مناسب طریقے سے نہیں پڑھائی جا رہی ہیں۔ دو لسانی پالیسی کی عملیت پر سوال اٹھاتے ہوئے کمیٹی نے اینول اسٹیٹس آف ایجوکیشن رپورٹ (اے ایس ای آر) کے ایک مطالعے کا حوالہ دیا جس میں کہا گیا ہے کہ پورے ملک میں 31 فیصد طلبہ اپنی مادری زبان میں پڑھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ تیسری زبان شامل کرنے کے بجائے تدریس اور اساتذہ کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

تعلیم کے وزیر دادا بھوسے نے دلیل دی ہے کہ چونکہ مراٹھی اور ہندی دونوں میں ایک ہی دیوناگری رسم الخط کا استعمال ہوتا ہے اور ان کا جملہ ڈھانچہ ایک دوسرے سے کافی مشابہ ہے، اس لیے 'متبادل' تیسری زبان کے طور پر ہندی کو نافذ کرنا آسان ہوگا۔ ان کے اس استدلال نے کچھ مراٹھی بولنے والوں کو حیران کر دیا کہ کیا ہندی بولنے والی ریاستیں بھی اپنے اسکولوں میں مراٹھی کو تیسری زبان کے طور پر رائج کرنے کے لیے یہی دلیل استعمال کریں گی؟ تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالن نے مہاراشٹر کی پسپائی کا خیر مقدم کیا ہے۔ انہوں نے سہ لسانی فارمولے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ تمل ناڈو میں اختیار کی گئی دو لسانی پالیسی کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں اور اسے تبدیل کرنے کی کوئی معقول وجہ موجود نہیں۔ اسٹالن نے سوشل میڈیا پر سوال اٹھایا کہ کیا مرکزی حکومت باضابطہ طور پر مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ کی اس بات کی حمایت کرتی ہے کہ مراٹھی کے علاوہ کوئی دوسری زبان تیسری زبان کے طور پر لازمی نہیں ہوگی؟ اگر ایسا ہے تو کیا مرکز تمام ریاستوں کو یہ واضح ہدایت جاری کرے گا کہ نئی تعلیمی پالیسی (این ای پی) میں تیسری زبان کی لازمی تعلیم ضروری نہیں ہے؟ اور کیا مرکزی حکومت تمل ناڈو سے وہ 152,2 کروڑ روپے واپس کرے گی جو اس بنیاد پر روک لیے گئے تھے کہ ریاست کو تیسری زبان کے لازمی نفاذ پر رضامند ہونا چاہیے؟

> اب وقت آ گیا ہے کہ مرکزی وزیر تعلیم تیسری زبان کے سلسلے میں موجود ابہام کو دور کریں۔ انہیں اسٹالن کے اٹھائے گئے سوالات کا جواب دینا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ دو لسانی فارمولے کے نفاذ کا باقاعدہ آڈٹ کرایا جائے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اسکولوں میں ہندی کو لازمی بنانے کی پالیسی سیاسی مقاصد سے متاثر تھی۔ اس کے پس پشت فڈنویس اور بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی یہ کوشش تھی کہ برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن (بی ایم سی) کے انتخابات سے قبل ممبئی میں موجود 45 لاکھ ہندی بولنے والوں تک رسائی حاصل کی جائے۔ ایم این ایس اور شیوسینا (یو بی ٹی) کی طرف سے سخت مخالفت حکومت کے لیے غیر متوقع تھی۔ ریاست میں انگریزی اور ہندی میڈیم اسکولوں کو ترجیح دیے جانے کے نتیجے میں مراٹھی میڈیم اسکولوں اور بی ایم سی کے تحت چلنے والے تعلیمی اداروں کی تعداد گھٹتی جا رہی ہے۔ پچھلے 10 برسوں میں بی ایم سی کے تحت چلنے والے 106 مراٹھی میڈیم اسکول بند ہو چکے ہیں۔ اس کے برعکس 30 ہندی، 58 انگریزی اور 5 اردو میڈیم اسکول کھولے گئے ہیں۔ ریاست بھر میں 500,17 مراٹھی اسکول بند ہونے کے دہانے پر ہیں۔ اس کی باضابطہ وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ ان اسکولوں میں سے ہر ایک میں 20 طلبہ بھی مراٹھی پڑھنے کا انتخاب نہیں کرتے، جس کی وجہ سے مراٹھی اساتذہ کی تقرری ناقابل عمل ہو جاتی ہے۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ لسانی مشاورتی کمیٹی اور ریاست کے سابق وزیر تعلیم دیپک کیسکر دونوں نے واضح کیا ہے کہ ہندی پہلے ہی جماعت پنجم سے ہفتم تک لازمی مضمون ہے۔ کمیٹی نے کہا کہ نئی تعلیمی پالیسی میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے کہ طلبہ جماعت اول سے پنجم تک مادری زبان میں تعلیم حاصل کریں، جماعت ششم سے ہشتم تک انگریزی میں اور اس کے بعد کسی تیسری زبان میں مہارت حاصل کریں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ مرکزی وزیر تعلیم تیسری زبان کے سلسلے میں موجود ابہام کو دور کریں۔ انہیں اسٹالن کے اٹھائے گئے سوالات کا جواب دینا چاہیے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ دو لسانی فارمولے کے نفاذ کا باقاعدہ آڈٹ کرایا جائے۔☆

مالک، پبلشر، پرنٹر و ایڈیٹر تقدیس فاطمہ رضوی نے گروپ 5 پبلی کیشن 55 بی۔ وزیر حسن روڈ، لکھنؤ سے چھپوا کر پہلی منزل مسجد نور محل ساکیت پلی نرہی، لکھنؤ سے شائع کیا۔ ریزیڈنٹ ایڈیٹر: ڈاکٹر ہارون رشید
Proprietor, Publisher, Printer and Editor, Taqdees Fatima Rizvi printed at Group 5 Publication, 55B, Wazir Hasan Road, Lucknow, and published from Masjid Noor Mahal, First Floor, Saket Palli Narhi, Lucknow. , Resident Editor: Dr. Haroon Rasheed, avadhnama@gmail.com, Ph:0522-3506829, 9335135181

# مزدور اور اُس کی کہانی

ڈاکٹر اشرف علی



دنیا کی تعمیر و ترقی میں اگر کسی طبقے کا سب سے زیادہ اور بنیادی کردار ہے تو وہ ہے مزدور طبقہ۔ چاہے فلک بوس عمارتیں ہوں یا سڑکیں، پل ہوں یا کارخانے، کھیتوں کی ہریالی ہو یا صنعتوں کی چہل پہل ہی یہ سب کچھ مزدوروں کی دن رات کی محنت، ان کے بہتے ہوئے پسینے، جھکے ہوئے کندھوں اور زخموں سے چور جسموں کی مرہونِ منت ہے۔ وہ سردی کی شدت، گرمی کی تپش، بارش کی بوندوں اور دھوپ کی تمازت سے بے نیاز ہو کر محض دو وقت کی روٹی اور خاندان کی بھلائی کے لیے اپنے آپ کو مشقت کے حوالے کر دیتے ہیں۔ ان کی محنت ہماری آسائشوں کی بنیاد ہے اور ان کی قربانی ہماری زندگی کی سہولتوں کی ضامن۔

وہ نہ کسی کتاب میں ہیرو ہے نہ کسی فلم کا کردار۔ اس کے ہاتھوں میں قلم نہیں، ہتھوڑا ہے۔ اس کی زبان پر فصاحت نہیں، خاموشی ہے۔ اس کا لباس دھول سے اٹا ہوتا ہے اور چہرہ وقت سے پہلے جھریوں کا شکار۔ مگر وہی "بندہ مزدور" ہے جو دنیا کو آباد کرتا ہے جو دیواروں کو اٹھاتا ہے، کھیتوں کو ہرا کرتا ہے اور مشینوں کو چلنے کی طاقت دیتا ہے۔ اس کی کہانی وہی ہے جو صدیوں سے دہرائی جا رہی ہے بی محنت وہ کرتا ہے۔ فائدہ کوئی اور اٹھاتا ہے۔ خواب وہ دیکھتا ہے۔ تعبیر کسی اور کو ملتی ہے۔

مگر کتنا افسوسناک المیہ ہے کہ وہی مزدور جو ترقی کے ہر پہیے کو گھما رہا ہے خود زندگی کی بنیادی سہولتوں سے محروم ہے۔ اسے نہ مناسب اجرت ملتی ہے نہ تحفظ نہ عزت اور نہ ہی کوئی پائیدار مستقبل۔ مزدور دن بھر پسینے میں شرابور رہتا ہے لیکن شام کو بھی اکثر بھوکا سوتا ہے۔ اس کے بچے تعلیم سے محروم، بیوی علاج سے دور اور خود وہ بڑھاپے میں بھی محنت کرنے پر مجبور ہوتا ہے۔ آج جب دنیا چاند پر بستیاں بسانے کی بات کر رہی ہے۔ مزدور اب بھی انصاف اور احترام کے چھوٹے سے ٹکڑے کے لیے ترس رہا ہے۔

**لفظ "مزدور" کے معانی و مفاہیم:**

لفظ "مزدور" فارسی زبان سے ماخوذ ہے، جس میں "مزد" کا مطلب ہے اجرت اور "ور" کا مطلب ہے لینے والا یعنی وہ شخص جو محنت کے بدلے اجرت حاصل کرے مزدور کہلاتا ہے۔ اردو میں مزدور کا مفہوم صرف جسمانی مشقت کرنے والے فرد تک محدود نہیں بلکہ ہر وہ شخص جو اپنی محنت، صلاحیت، وقت یا توانائی دوسروں کی خدمت یا کسی ادارے کے لیے صرف کرتا ہے اور اس کے بدلے روزی کماتا ہے، مزدور کہلاتا ہے۔ چاہے وہ کسان ہو، بڑھئی، لوہار، فیکٹری ورکر ہو یا ایک کلرک یا استاد ہی سب اپنے اپنے دائرے میں مزدور ہی ہوتے ہیں۔

معاشرے کی بنیاد مزدور کی محنت پر قائم ہے۔ وہ ہر ترقی، ہر تعمیر، ہر سہولت کے پس پردہ خاموش کردار ہوتا ہے۔ فیکٹریوں، کھیتوں، سڑکوں، عمارتوں اور بازاروں میں اس کی شب و روز کی مشقت معاشرے کو رواں دواں رکھتی ہے۔ مزدور صرف ایک فرد نہیں بلکہ وہ طبقہ ہے جو اپنے خون و پسینے سے معیشت کا پہیہ گھماتا ہے اور اگر یہ نہ ہوں تو معاشرہ مفلوج ہو جائے۔ عمارتیں ادھوری، کھیت بنجر، فیکٹریاں ویران اور زندگی کی تمام سہولتیں معطل ہو جائیں۔ ان کے بغیر ترقی کا تصور بھی ممکن نہیں۔ یہ وہ خاموش خدمت گزار ہیں جو اپنی محنت سے دوسروں کی زندگی آسان بناتے ہیں مگر خود اکثر بنیادی ضروریات سے محروم رہتے ہیں۔ ان کا ہونا، ایک مستحکم، متوازن اور فعال معاشرے کی ضمانت ہے۔ لہٰذا ان کی قدر، ان کے حقوق کی حفاظت اور ان کی فلاح کے لیے مؤثر اقدامات ہر باشعور معاشرے کی اولین ذمہ داری ہے۔

مزدور کسی بھی ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے مگر بدقسمتی سے اس کی سیاسی و معاشی حیثیت اکثر نظر انداز کی جاتی ہے۔ معیشت کا بڑا انحصار ان کی محنت پر ہوتا ہے لیکن انہیں اکثر کم اجرت، غیر محفوظ ماحول اور عدم تحفظ جیسے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ معاشی سطح پر وہ روز مرہ کی ضروریات کے لیے بھی جدوجہد کرتا ہے اور غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہوتا ہے۔

سیاسی طور پر مزدور ایک بڑی طاقت رکھتا ہے لیکن منظم نہ ہونے کی وجہ سے اس کی آواز کمزور پڑ جاتی ہے۔ بعض مزدور یونینیں اور تنظیمیں ان کے حقوق کے لیے سرگرم ہیں لیکن ان کی رسائی محدود ہے۔ مزدوروں کے حقوق کی پاسداری اور ان کی فلاح کے لیے مؤثر پالیسی سازی، سیاسی شمولیت اور منصفانہ معاشی تقسیم ناگزیر ہے تاکہ وہ باعزت زندگی گزار سکیں اور قومی ترقی میں فعال کردار ادا کریں۔

**عالمی یوم مزدور اور اس کی مقصدیت:**

ہر سال یکم مئی کو دنیا بھر میں "عالمی یوم مزدور" منایا جاتا ہے جو محنت کش طبقے کے حقوق، قربانیوں اور جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے۔ اس دن کی بنیاد 1886ء میں امریکہ کے شہر شکاگو میں رکھی گئی جب مزدوروں نے آٹھ گھنٹے کام، آٹھ گھنٹے آرام اور آٹھ گھنٹے ذاتی زندگی کے مطالبے پر تحریک چلائی۔ پولیس کی ظالمانہ کارروائی میں کئی مزدور شہید ہوئے اور انہی کی قربانی کو یادگار بنانے کے لیے یہ دن تاریخ کا حصہ بنا۔ بعد میں دنیا بھر کے محنت کشوں نے اس دن کو یکجہتی، مطالبات اور حقوق کی علامت کے طور پر منانا شروع کیا۔

یوم مزدور کو منانے کا مقصد صرف جلسے جلوس، تقاریر یا سرکاری تعطیل نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ دن ایک اجتماعی ضمیر کی بیداری کا ذریعہ بننا چاہیے۔ اس کا اصل پیغام یہ ہے کہ معاشرے میں مزدوروں کو عزت، بہتر اجرت، کام کے محفوظ حالات اور سماجی تحفظ دیا جائے۔ بدقسمتی سے آج یہ دن رسمی کارروائیوں تک محدود ہو چکا ہے جبکہ مزدور اب بھی غربت، محرومی، استحصال اور غیر یقینی مستقبل سے دوچار ہیں۔ اس دن کو حقیقی معنوں میں مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات اور مزدور دوست پالیسیاں ضروری ہیں۔ نہیں تو بس یہی کہہ سکتے ہیں

تو قادر و عادل ہے مگر تیرے جہاں میں
ہیں تلخ بہت بندۂ مزدور کے اوقات

**مزدوروں کے حقوق کے لیے قومی و بین الاقوامی سطح پر کیے گئے اقدامات:**

دنیا کی معیشت اور ترقی کا پہیہ مزدوروں کی مسلسل محنت سے ہی رواں دواں ہے۔ فیکٹریوں کی گھن گرج، کھیتوں کی ہریالی، سڑکوں کی روانی، عمارتوں کی بلندیاں اور مشینوں کی حرکت۔ یہ سب مزدوروں کے خون، پسینے اور لگن کا نتیجہ ہیں۔ ایک مزدور نہ صرف معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے بلکہ وہ معاشرتی نظام کو بھی متوازن رکھنے میں معاون ہوتا ہے۔ لیکن ستم ظریفی یہ ہے کہ وہی مزدور جو دنیا کی ترقی کا محرک ہے اکثر خود محرومی، غربت، استحصال اور بنیادی سہولتوں کی کمی کا شکار ہوتا ہے۔ اس مسئلے کی سنگینی کو محسوس کرتے ہوئے عالمی سطح پر اور خاص کر ہندوستان میں مزدوروں کے تحفظ، فلاح اور حقوق کے لیے کئی تنظیمیں اور قوانین وجود میں آئے ہیں۔

عالمی سطح پر مزدوروں کے لیے سب سے مؤثر ادارہ بین الاقوامی مزدور تنظیم (International Labour Organization-ILO) ہے جو 1919ء میں قائم ہوئی۔ یہ اقوامِ متحدہ کا ذیلی ادارہ ہے جس کا مقصد دنیا بھر کے مزدوروں کو باعزت کام، مناسب اجرت، محفوظ ماحول اور سماجی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ ILO نے "Decent Work Agenda" کے ذریعے تمام ممالک میں ایسے ماحول کی ترویج کی ہے جہاں ہر فرد کو برابری کی بنیاد پر کام کا موقع ملے۔ اس کے علاوہ International Trade Union Confederation (ITUC) بھی دنیا بھر کی ٹریڈ یونینوں کو متحد کر کے مزدوروں کی آواز کو تقویت دیتا ہے۔ Human Rights Watch اور Amnesty International جیسی انسانی حقوق کی تنظیمیں بھی جبری مشقت، چائلڈ لیبر اور غیر انسانی حالاتِ کار جیسے معاملات پر مسلسل رپورٹنگ اور دباؤ کے ذریعے حکومتوں کو کارروائی پر مجبور کرتی ہیں۔

ہندوستان میں مزدوروں کی بہت بڑی آبادی ہے جس کے تحفظ کے لیے بہت ساری تنظیمیں سرگرم ہیں۔ ان میں Bharatiya Mazdoor Sangh (BMS)، All India Trade Union Congress (AITUC) اور Centre of Indian Trade Unions (CITU) جیسے ادارے مزدوروں کی نمائندگی کرتے ہیں۔ یہ تنظیمیں نہ صرف مزدوروں کے حقوق کی وکالت کرتی ہیں بلکہ ان کے سماجی، سیاسی اور اقتصادی مسائل کو اجاگر کر کے ان کے حل کے لیے کوششیں کرتی ہیں۔ Self Employed Women's Association (SEWA) خاص طور پر غیر رسمی شعبے میں کام کرنے والی خواتین مزدوروں کے لیے وقف ہے جو بازار، کھیت یا گھریلو کام میں مصروف ہوتی ہیں۔

حکومتِ ہند نے بھی مزدوروں کے تحفظ کے لیے متعدد قوانین بنائے ہیں۔ Minimum Wages Act (1948) مزدور کی کم از کم اجرت طے کرتا ہے تاکہ اس کا استحصال نہ ہو۔ Factories Act (1948) مزدوروں کو محفوظ، صحت مند اور بہتر حالاتِ کار فراہم کرنے کا ضامن ہے۔ اسی طرح Workmen's Compensation Act (1923) کے تحت اگر کوئی مزدور کام کے دوران زخمی یا ہلاک ہو جائے تو اسے یا اس کے خاندان کو معقول معاوضہ دیا جاتا ہے۔ State Employees' Insurance Act (1948) مزدوروں کو طبی سہولیات اور انشورنس کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ جدید تقاضوں کے مطابق Code on Wages 2019 اور دیگر Labour Codes 2020 کے ذریعے حکومت نے پرانے قوانین کو یکجا کر کے عمل درآمد کو آسان اور مؤثر بنایا ہے۔

مزدوروں کی فلاح کے لیے حکومت کی جانب سے متعدد اسکیمیں بھی متعارف کرائی گئی ہیں۔ Shram Suvidha Portal ایک آن لائن پلیٹ فارم ہے جس پر مزدور اپنے مسائل درج کرا سکتے ہیں۔ e-Shram Card کے ذریعے غیر رسمی شعبے کے مزدوروں کا ڈیٹا جمع کیا جا رہا ہے تاکہ انہیں مختلف فلاحی اسکیموں سے جوڑا جا سکے۔ PM Shram Yogi Maandhan Yojana ایک پنشن اسکیم ہے جس میں رجسٹرڈ مزدور 60 سال کی عمر کے بعد ماہانہ پنشن کا حقدار ہوتا ہے۔ دیہی مزدوروں کے لیے MGNREGA ایک اہم منصوبہ ہے جو سال میں کم از کم 100 دن کا روزگار فراہم کرتا ہے۔

ان تمام کوششوں اور اقدامات کے باوجود مزدور طبقہ آج بھی مشکلات کا شکار ہے۔ ان قوانین اور اسکیموں کو صرف کاغذوں تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ زمین پر ان کا نفاذ یقینی بنایا جائے تاکہ مزدور کو وہ مقام اور سہولتیں مل سکیں جن کا وہ سچے دل سے مستحق ہے۔ معاشرے کی اصل ترقی تب ہی ممکن ہے جب مزدور خوشحال، محفوظ اور باعزت زندگی گزارے۔

**مزدوروں کے حقوق کی پاسداری مذہبی و اخلاقی اقدار میں ہی مضمر ہے:**

یقیناً، مزدور کو اس کے معاشرے میں کھوئے ہوئے وقار کو واپس دلانا ہر فرد کا اخلاقی اور انسانی فریضہ ہے۔ ایک ایسا فرد جو اپنے خون، پسینے اور محنت سے دوسروں کے لیے سہولیات پیدا کرتا ہے جب خود بدحالی، محرومی اور استحصال کا شکار ہو تو یہ پورے معاشرے کے لیے باعثِ شرم ہے۔ حکومت، تنظیمیں اور قوانین اپنی جگہ لیکن اصل تبدیلی اس وقت آئے گی جب عام افراد خود کو مزدوروں کا ہمدرد اور ان کے حقوق کا محافظ سمجھیں۔

یہ ذمہ داری صرف ایک سماجی تقاضا نہیں بلکہ ایک مذہبی فریضہ بھی ہے۔ ہر مذہب، خاص طور پر اسلام کمزور اور محنت کش افراد کے ساتھ حسنِ سلوک، انصاف اور عزت کے ساتھ پیش آنے کی تعلیم دیتا ہے۔ اسلام نے مزدور کو صرف ایک کام کرنے والا فرد نہیں بلکہ ایک قابلِ عزت رکنِ معاشرہ تسلیم کیا ہے۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
مزدور کو اس کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے دے دو۔"
(سنن ابن ماجہ، حدیث: 2443)

یہ حدیث اس بات کی بہترین مثال ہے کہ مزدور کے ساتھ انصاف صرف سفارش نہیں بلکہ ایک دینی حکم ہے۔ اس میں تاخیر کرنا یا چالاکی سے اس کی اجرت کو روکنا صریح ظلم ہے۔

قرآن کریم میں بھی بارہا معاشی انصاف اور دوسروں کے حقوق ادا کرنے پر زور دیا گیا ہے:
اور ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے نہ کھاؤ..."
(سورۃ 2، آیت 188)

یہ آیت خاص طور پر ان لوگوں کے لیے تنبیہ ہے جو طاقت، عہدے یا چالاکی کے ذریعے کمزور طبقے کا حق دبا لیتے ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل بھی مزدوروں سے محبت اور عزت کا آئینہ دار تھا۔ ایک مرتبہ آپ نے ایک مزدور کے ہاتھوں پر چھالے دیکھے تو ان کا ہاتھ چوم کر فرمایا:
یہ وہ ہاتھ ہیں جنہیں جہنم کی آگ نہیں چھوئے گی۔"

ایک مزدور کے لیے یہ عزت یہ احترام آج ہمارے معاشرے سے غائب ہو چکا ہے۔ ہم مزدور کو نظر انداز کر کے اس کی غربت کا مذاق اُڑا کر یا اس کی محنت کو سستا خرید کر اپنی روحانی تباہی کا سامان کر رہے ہیں۔ جبکہ ہمیں چاہیے کہ ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جیسے عظیم خلفا کے طرزِ عمل سے سبق حاصل کریں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود بازاروں میں گشت کرتے، مزدوروں کے حالات دریافت کرتے اور اگر کسی پر ظلم ہوتا تو فوراً کارروائی کرتے۔ ان کا قول تھا:
"اگر
دجلہ کے کنارے ایک کتا بھی بھوکا مر گیا تو عمر اس کا جواب دہ ہوگا۔"

اسلام کی یہ تعلیمات ہمیں مسلسل یاد دلاتے ہیں کہ جب تک ہم مزدور کی عزت کو اپنا فریضہ نہیں سمجھیں گے نہ دین مکمل ہوگا نہ معاشرہ مہذب۔

لہٰذا یہ وقت ہے کہ ہم صرف تقریروں، دن منانے یا قراردادوں پر اکتفا نہ کریں بلکہ عملی طور پر مزدور کے ساتھ انصاف کریں اس کی محنت کو پہچانیں اور اسے وہ عزت لوٹائیں جو وہ واقعتاً مستحق ہے۔ تبھی ایک بہتر، منصف اور خدا ترس معاشرہ وجود میں آ سکے گا۔

9311827240

☆☆☆☆☆

## مزدُورنامہ



نیاز جیراجپُوری

تم ہو مزدُور مجبور و بے بس نہیں
تم ہو مزدُور کمزور و بے کس نہیں
تم ہو مزدُور سُورج کے ہو ہمسفر
تم ہو مزدُور سہنے والے خشک و تر
تم ہو مزدُور مضبوط بازو والے
تم ہو مزدُور مٹی کی خوشبو والے
تم ہو مزدُور محنت مشقت والے
تم ہو مزدُور عزم اور ہمّت والے
تم ہو مزدُور تھک کر نہ تھکنے والے
تم ہو مزدُور خود میں بھٹکنے والے
تم ہو مزدُور اندھیروں سے لڑنے والے
تم ہو مزدُور جگنو پکڑنے والے
تم ہو مزدُور گر کر سنبھلنے والے
تم ہو مزدُور قِسمت بدلنے والے
تم ہو مزدُور بہتے پسینے والے
تم ہو مزدُور مَر مَر کے جینے والے
تم ہو مزدُور صبر و قناعت والے
تم ہو مزدُور محنت کی عادت والے
تم ہو مزدُور پکّے اِرادوں والے
تم ہو مزدُور پابند وعدوں والے
تم ہو مزدُور تاب اور کَس بَل والے
تم ہو مزدُور جہدِ مسلسل والے
تم ہو مزدُور سہنے والے سختیاں
تم ہو مزدُور پینے والے تلخیاں
تم ہو مزدُور دو چار حالات سے
تم ہو مزدُور دو چار خطرات سے
تم ہو مزدُور محنت کی تصویر ہو
تم ہو مزدُور خوابوں کی تعبیر ہو
تم ہو مزدُور تم سے مِلوں کا وجود
تم ہو مزدُور تم کارخانوں کی بود
تم ہو مزدُور مُتلاشی ہو کام کے
تم ہو مزدُور تم عادی ہو کام کے
تم ہو مزدُور یہ مُنکشف راز ہے
تم ہو مزدُور تم پر ہمیں ناز ہے
تم ہو مزدُور ہو تم ہی کل آج کل
تم ہو مزدُور ہو تم ہی اپنا بدل
تم ہو مزدُور محنت کش و سخت جاں
تم ہو مزدُور تم سے ہے دُنیا جواں

☆☆☆

# "نام مزدوروں کا دن، اہمیت امیروں کی"



قیصر محمود عراقی

لیجئے حضرت ہر سال کی طرح ایک بار پھر یکم مئی آگئی۔ اب پھر مزدوروں کے رہبر و رہنما بیدار ہونگے، ایک بار پھر دنیا بھر میں مزدوروں کے حقوق کیلئے ریلیاں، مظاہرے، سیمینار اور دیگر پروگرامز کا انعقاد کیا جائیگا۔ ایک بات واضح کرتا چلوں کہ جتنے بھی مزدور کے خیر خواہ بنے ہوئے ہیں وہ سب صرف ایک دن یعنی یکم مئی کیلئے بیدار ہوتے ہیں اور اس ایک دن کیلئے مزدور یونین، این جی او اور سیاسی و سماجی تنظیمیں اپنا کردار ادا کرنے یا پھر نمبر گیم کرنے کیلئے میدان میں آتی ہیں۔ یکم مئی وہ واحد دن ہے جس دن ہر طرف مزدوروں کے حقوق کی باتیں کی جا رہی ہوتی ہیں، کوئی کہتا ہے مزدور غربت کی چکی میں پس رہا ہے تو کوئی بولتا ہے کہ مزدور کی زندگی بھی کوئی زندگی ہے، یعنی جتنی منہ اتنی باتیں ہوتی ہیں مگر عملی کام صفر ہوتا ہے۔

یکم مئی ہندوستان میں بھی بڑے زور وشور سے منایا جاتا ہے، ہندوستان کے تمام بڑے شہروں میں مزدوروں کے حقوق کیلئے خصوصی ریلیاں نکالی جاتی ہیں، بڑے بڑے ہوٹلوں میں سیمینار منعقد کئے جاتے ہیں جہاں امیر لوگ مزدور کا لیبل لگا کر پہنچ جاتے ہیں جبکہ غریب مزدور کو اس ہوٹل پر کھڑے سیکورٹی گارڈ اندر داخل تو دور کی بات باہر بھی کھڑے نہیں ہونے دیتا۔ بڑے بڑے لیڈر تقاریر جھاڑ کر اپنا فرض پورا کرنے کی ناجائز کوشش کرتے ہیں، سب سے اہم اور ستم کی بات یہ ہے کہ دن مزدوروں کا اور فائدہ امیر اٹھاتے ہیں۔ دیکھا یہ گیا ہے کہ جب کوئی دن کسی کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے تو پھر اس دن اس شخصیت کو ہر جگہ اہمیت حاصل ہوتی ہے اور بلکہ یہاں تک بھی کہہ دیا جاتا ہے کہ "چلو یار آج اس کا دن ہے" مگر ادھر آوے کا آوا بگڑا ہوا ہے، نام مزدوروں کا دن ہوتا ہے اور اہمیت امیروں کو دی جاتی ہے۔

یکم مئی کو ہندوستان بھر میں مزدور ہر روز کی طرح اپنے کام میں مشغول رہتے ہیں اور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے محنت کرتے ہیں، ان کو اس دن سے کوئی سروکار نہیں، بس اپنے بچوں کیلئے روزی کمانے سے غرض ہے۔ یکم مئی کو ہر فورم پر مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے بڑی بڑی باتیں کی جاتی ہیں، دعویٰ کیا جاتا ہے مگر ان پر کبھی عمل بھی ہوا ہے؟ کبھی کسی حکومت نے ایسے اقدامات اٹھائے ہیں کہ یکم مئی کے دن ان مزدوروں کو جو روزانہ کی بنیاد پر کام کرتے ہیں، حکومتی سطح پر کوئی وظیفہ دیکر ان کو چھٹی بھی دی گئی ہو کہ وہ اس دن اپنی فیملی کے ساتھ ہنسی خوشی دن گذار سکیں۔ نہیں، بلکہ حقیقت یہی ہے کہ نعرے ہم مزدوروں کے حقوق کے لگاتے ہیں اور

**قارئین محترم! پہاڑوں کو کاٹ کر راستہ بنانے والے ہاتھ کسی بادشاہ یا حکمران کے نہیں ہوتے، زمین کا سینہ چیز کر فصل اگانے والے ہاتھ جاگیردار کے نہیں ہوتے، کارخانوں سے تیار ہوکر نکلنے والے مال سینہ کے ہاتھوں سے نہیں بنا ہوتا۔ ہمارے اردگرد موجود ہماری ضروریات کی تمام اشیاء گاڑیاں، بسیں، عمارتیں اور سڑکیں سب ایک محنت کش کے ہاتھ سے بنے ہیں جن کو ہم اپنے استعمال میں لاتے ہوئے آرام دہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ ہمیں بس اتنا پتہ ہوتا ہے کہ اسے فلاں دکان سے خریدا ہے اور اسے کیسے استعمال کرنا ہے، ہم اس چیز کا فائدہ حاصل کرتے ہوئے کمپنی کی تعریف ضرور کرتے ہیں اور فخر سے یہ بھی کہتے ہیں کہ اسے اتنے میں خرید لائے ہیں، لیکن ہم نے اس پر کبھی غور نہیں کیا کہ اس کو بنانے والے انسان اسے خود بھی استعمال کرتے ہونگے یا نہیں۔ ہم ہر سال یوم مزدور مناتے ہیں، ان کے حق کی فرضی اور بناوٹی باتیں کرتے ہیں، تحریریں لکھتے ہیں، لیکن ہم ایک مزدور کے دکھ اور تکالیف کو محسوس نہیں کرسکتے جس سے وہ گذر رہا ہوتا ہے۔ مزدور کی زندگی مزدوری سے شروع ہوتی ہے اور مزدوری کرتے کرتے ایک دن زندگی کی ختم ہوجاتی ہے، مگر کسی کوان کی پرواہ نہیں ہوتی۔**

فائدہ امیروں کو پہنچاتے ہیں، مزدوروں کے فنڈ کے نام پر کروڑوں روپے لیئے جاتے ہیں اور مزدوروں پر جب خرچ کرنے کی نوبت آجائے تو وہ بڑی مشکل سے ہزاروں میں ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ یکم مئی کے دن تمام لوگ اپنے گھروں میں چین کی نیند سو رہے ہوتے ہیں یا چھٹی کا فائدہ اٹھا کر گھوم پھر رہے ہوتے ہیں اور مزدور اس دن بھی مزدوری کی تلاش میں بھٹک رہا ہوتا ہے۔ اب تو ایسا ہے کہ بہت سے مزدوروں کو یہ بھی نہیں معلوم کہ یکم مئی کے روز یوم مزدور منایا جاتا ہے، وہ تو اس دن بھی فکر روزگار میں مگن ہو کر گھر سے کام کی تلاش میں نکل جاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں مزدوروں کی حالت کبھی نہیں بدلی، مزدور کل بھی کمزور تھا اور آج بھی کمزور ہے، مزدور کل بھی مفلوج حال تھا آج بھی مفلوج حال ہے، مزدور کل بھی مظلوم تھا آج بھی مظلوم ہے۔ دنیا کے کسی بھی شعبے کے ورکرز کیلئے سب سے اہم ان کی تنخواہ ہوتی ہے، اس سے ان کے گھر کا چولہا جلتا ہے، مگر ہمارے ملک کا المیہ یہ ہے کہ یہاں مہینہ بھر دل و جان لگا کر کام کرنے کے باوجود قلیل تنخواہ کیلئے بھی خوار ہونا پڑتا ہے، تنخواہیں کئی کئی مہینوں تک روک کے رکھا ہوا ہوتا ہے، جس کے سبب ان کے گھروں میں فاقے کی نوبت آجاتی ہے۔

قارئین محترم! پہاڑوں کو کاٹ کر راستہ بنانے والے ہاتھ کسی بادشاہ یا حکمران کے نہیں ہوتے، زمین کا سینہ چیر کر فصل اگانے والے ہاتھ جاگیردار کے نہیں ہوتے، کارخانوں سے تیار ہو کر نکلنے والے مال سیٹھ کے ہاتھوں سے نہیں بنا ہوتا۔ ہمارے اردگرد موجود ہماری ضروریات کی تمام اشیاء گاڑیاں، بسیں، عمارتیں اور سڑکیں سب ایک محنت کش کے ہاتھ سے بنے ہیں جن کو ہم اپنے استعمال میں لاتے ہوئے آرام دہ زندگی بسر کرتے ہیں۔ ہمیں بس اتنا پتہ ہوتا ہے کہ اسے فلاں دکان سے خریدا ہے اور اسے کیسے استعمال کرنا ہے، ہم اس چیز کا فائدہ حاصل کرتے ہوئے کمپنی کی تعریف ضرور کرتے ہیں اور فخر سے یہ بھی کہتے ہیں کہ اسے اتنے میں خرید لائے ہیں، لیکن ہم نے اس پر کبھی غور نہیں کیا کہ اس کو بنانے والے انسان اسے خود بھی استعمال کرتے ہونگے یا نہیں۔ ہم ہر سال یوم مزدور مناتے ہیں، ان کے حق کی فرضی اور بناوٹی باتیں کرتے ہیں، تحریریں لکھتے ہیں، لیکن ہم ایک مزدور کے دکھ اور تکالیف کو محسوس نہیں کرسکتے جس سے وہ گذر رہا ہوتا ہے۔ مزدور کی زندگی مزدوری سے شروع ہوتی ہے اور مزدوری کرتے کرتے ایک دن زندگی کی ختم ہوجاتی ہے، مگر کسی کو ان کی پرواہ نہیں ہوتی۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ یکم مئی کے دن کسی مزدور کو کسی کانفرنس، جلسہ یا اجلاس میں خصوصی طور پر مدعو کر کے ان کی مشکلات کو سنا جائے اور اس کے ازالے کیلئے کوئی اقدامات کی جائے۔ کہا جاتا ہے کہ کسی مزدور کے جسم سے اس کا پسینہ سوکھنے سے پہلے اس کی مزدوری ادا کردو، مگر یہاں تو صورتحال یہ ہے کہ مزدور رقم کی حصول کیلئے مزدوروں سے زیادہ اس رقم دینے والے کی منتیں زیادہ کرتا ہے۔ ہم سالوں سے یکم مئی یعنی مزدور ڈے مناتے آرہے ہیں اور سالوں سے یہ عہد کررہے ہیں کہ ہم مزدوروں کیلئے جدوجہد کرینگے لیکن کلمات محض ہوائی فائرنگ ثابت ہوتی ہے، مزدور طبقے آج بھی وہیں پڑے ہیں جہاں سالوں پہلے تھے۔ ہمارے ملک میں ان کی حالت نہیں بدلی، ہاں ایک چیز ضرور بدلی ہے، وہ ہے مزدور خود کسی زمانے میں باپ مزدور ہوا کرتا تھا اب اس کی جگہ بچے نے لے لی ہے۔ بہرحال اگر اب بھی حکومت ان کی بہتری کیلئے زبانی وعدوں سے نکل کر عملی میدان میں کام کریں تو یہ مزدور طبقہ جھولی اٹھا کر دعائیں کرینگے۔ حکومت کو چاہئے کہ مزدوروں کے حالات پر غور کرے اور مزدوروں کیلئے کچھ کرے۔ آج اس دن کی مناسبت سے حکومت یہ پلے باندھ لے کہ ہم مزدور بھائیوں کے مسائل حل کرینگے تو یہ ملک و عوام دونوں کیلئے سودمند ثابت ہوگی۔

کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔۵۸
موبائل:6291697668

# عالمی یوم مزدور کی بنیاد کیسے پڑی



بہت سے ممالک میں یکم مئی کو موسم بہار کے ایک قدیم تہوار کے طور پر جانا جاتا ہے، لیکن آج کل اس دن کو عالمی یوم مزدور کے نام سے منایا جاتا ہے تاکہ دنیا بھر میں محنت کشوں کی تاریخی جدوجہد اور کامیابیوں کو یاد کیا جا سکے۔

ہر سال اس دن دنیا بھر میں مظاہرے ہوتے ہیں جن کا مقصد کارکنوں کو بہتر حالاتِ کار اور ٹریڈ یونینز کو زیادہ اختیارات دینے کے مطالبات دہرانا ہوتا ہے۔ ابتدائی دنوں میں چند سوشلسٹ اور کمیونسٹ تنظیمیں اور مزدور دوست گروہ یہ دن منایا کرتے تھے لیکن پھر اس کا دائرہ دنیا بھر میں پھیلتا گیا۔

اگرچہ اس تاریخ کا تعلق امریکہ میں 19 ویں صدی کے اواخر میں ہونے والے احتجاج سے ہے لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ خود امریکہ میں محنت کشوں کا دن ہر برس ستمبر کے پہلے پیر کو منایا جاتا ہے۔ امریکہ کے علاوہ آسٹریلیا، نیدرلینڈز، نیوزی لینڈ اور کینیڈا میں بھی یہ دن ستمبر کے پہلے پیر کو ہی منایا جاتا ہے۔

سنہ 1886 میں امریکہ میں ٹریڈ یونینز نے برطانوی سماجی مصلح رابرٹ اوون کے پیغام کی بنیاد پر دن میں آٹھ گھنٹے کے اوقاتِ کار کا مطالبہ کرنے کے لیے بڑے پیمانے پر ہڑتالیں شروع کیں۔

رابرٹ اوون نے آٹھ گھنٹے کام کرنے کا خیال دن کو تین حصوں میں تقسیم کرنے یعنی 'آٹھ گھنٹے محنت، آٹھ گھنٹے تفریح، آٹھ گھنٹے آرام' کے نعرے کے ساتھ وضع کیا تھا جبکہ یہ ان دنوں کی بات ہے جب کارخانوں میں کام کے اوقات یا چھٹی کا دن مقرر کیے بغیر سخت محنت مزدوری کرنا معمول تھا۔

اس سلسلے میں سب سے بڑی ہڑتال یکم مئی کو شکاگو میں کی گئی اور ایک اندازے کے مطابق اس دن احتجاج کے لیے وہاں 40 ہزار کارکن جمع ہوئے۔ اس وقت شکاگو امریکی صنعت کا مرکز اور یونین آرگنائزیشن کا مرکز تھا۔

اس احتجاج کو کاروباری اور سیاسی حلقوں کی طرف سے پسندیدگی سے نہیں دیکھا گیا لیکن آنے والے دنوں میں اس میں اوقاتِ کار سے تنگ ہزاروں غیر مطمئن کارکنوں کے علاوہ 'انارکسٹس' بھی شامل ہو گئے۔ یہ 'انارکسٹ' وہ لوگ تھے جو قوانین کے نفاذ اور حکمرانی کے ارد گرد تشکیل پانے والے معاشرے کے مخالف تھے۔

کشیدگی عروج پر پہنچ گئی اور پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپوں میں کم از کم ایک شخص ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے۔

پولیس کی سختی سے مشتعل مزدور رہنماؤں اور ہڑتال کرنے والے مظاہرین نے چار مئی کو شکاگو کے مشہور ہے مارکیٹ سکوائر پر مظاہروں کا اہتمام کیا۔ اس دن ایک نامعلوم حملہ آور نے پولیس اہلکاروں پر بم پھینک دیا اور دھماکے اور اس کے بعد ہونے والی فائرنگ کی وجہ سے سات پولیس اہلکار ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے۔

ہے مارکیٹ قتل عام کے نام سے مشہور ہونے والے اس واقعے کے بعد، آٹھ انارکسٹس پر قتل کا الزام عائد کیا گیا اور ان میں سے کچھ کو موت کی سزا سنائی گئی حالانکہ ان کا جرم کبھی بھی صحیح طور پر ثابت نہیں ہوا تھا۔

1889 میں 20 ممالک کی سوشلسٹ اور مزدور جماعتوں اور ٹریڈ یونینز کے نمائندوں کے اجلاس میں یکم مئی کو ان واقعات کی یاد میں یوم مزدور منانے کا فیصلہ کیا گیا۔

متحدہ ہندوستان میں یوم مزدور منانے کا آغاز یکم مئی 1923 کو مزدور کسان پارٹی نے مدراس میں کیا تھا جبکہ حکومت پاکستان نے یکم مئی 1972 کو پہلی مرتبہ باضابطہ طور پر سرکاری سطح پر یکم مئی کو محنت کشوں کا دن قرار دیا تھا۔

بشکریہ: بی بی سی اردو

